حرفِ آغاز

قارئین محترم!

بفضل خداوندی شیخ زاید اسلامک سینٹر، جامعہ پنجاب لاہور کا علمی و تحقیقی مجلّہ ''الاضواء'' باقاعدگی کے ساتھ شائع ہو رہا ہے اور آپ کے ہاتھوں میں اس وقت اس کا ۲۸ واں شمارہ ہے۔ پچھلے شماروں کی طرح یہ شمارہ بھی سہ زبانی تحقیقی موضوعات کے وقیع مقالات پر مشتمل ہے اور ان مقالات کے انتخاب میں جہاں اعلیٰ تحقیقی معیار کا خاص خیال رکھا گیا وہاں مضامین کے اندر تنوع کی وجہ سے مختلف میادین کے محققین کے لیے فکر و نظر کے نئے گوشے بھی سامنے آتے ہیں اس سے تحقیق و تدوین اور علوم کے نشو و ارتقا کا سفر طے ہونے میں مدد ملے گی۔

مشمولہ اردو مضامین پر اگر ایک نظر ڈالیں تو قرآنیات کے ضمن میں قرآن مجید کے غریب الفاظ کی معنویت و اہمیت پر بحث کی گئی ہے اور فقہ و اجتہاد کے حوالے سے اجتماعی اجتہاد اور اسلامی نظریاتی کونسل کی آراء کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ قوموں کے عروج و زوال کے تناظر میں علم تاریخ کی مسلمہ اہمیت کے پیش نظر ہندوستان کے مشہور ادارے ''دارالمصنفین شبلی اکیڈمی اعظم گڑھ، انڈیا'' کے ڈائریکٹر سید صباح الدین عبدالرحمنؒ کی تاریخ نویسی کے رجحانات مطالعہ میں لائے گئے ہیں۔

عربی مضامین میں فقہ الواقع اور ارکان الضمان فی الشریعہ والقانون فقہ اسلامی اور جدید قانون کے تقابلی مطالعے سے متعلق ہیں اور انگریزی مضامین میں علوم القرآن کے حوالے سے ہی لفظ قرآن کے مآخذ و مترادفات سے متعلق مختلف روایات پر سیر حاصل تحقیق پیش کی گئی ہے۔ موجودہ دنیا کے روحانی افلاس ایسے درد کے درماں کے حوالے سے قرآنی تناظر میں منصب نبوت پر تحقیق کے ساتھ ساتھ عبادات اسلامی کا تحقیقی مطالعہ بھی اس شمارے کی زینت ہے۔

ادارہ مقالات اور شمارہ کے سلسلے میں آپ کی تجاویز اور مشوروں کا منتظر رہے گا۔

مدیر

ڈاکٹر ابوالوفا محمود